سوال

(86) نفلی نماز کہاں پڑھنا افضل ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا نفلی نماز گھر میں پڑھنا افضل ہے یا نہیں اگر افضل ہے توکیا مسجد نبوی اور بیت اللہ جس میں ایک ہزار اور لاکھ نماز پڑھنے کا ثواب ملتا ہے اس سے بھی افضل ہے وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

«فَاِنَّ أَفْضَلَ صَلاَةِ الْمَرْئِ فِیْ بَيْتِهِ اِلاَّ الْمَکْتُوْبَةَ» (صحیح بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب مایکرہ من کثرۃ السؤال)

''فرضی نماز کے سوا تمہارا گھر میں نماز پڑھنا افضل ہے''

رسول اللہﷺ نے مدینہ منورہ میں مسجد نبویﷺ سمیت تمام مساجد کے متعلق فرمایا تھا حدیث میں بظاہر ہر علاقہ کے بیت کی نفل نماز کو اسی علاقہ کی مسجد کی نماز نفل پر فضیلت دی گئی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

مساجد کا بیان ج1ص101

محدث فتویٰ